F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mnZ Hkk"kk fodkl ifj"kn

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 25/11/2014

پریس ریلیز:

قومی اردو کونسل کی تشکیلِ نو، پدم شری جناب مظفر حسین کونسل کے نئے وائس چیئرمین بنائے گئے

نئی دہلی۔ 25 نومبر، 2014, قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، حکومت ہند کا سب سے بڑا اردو ادارہ ہے اور یہ ادارہ اردو زبان کی ہمہ جہت ترقی اور اس کے فروغ کے لیے ملکی سطح پر کام کر رہا ہے۔ مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل محترمہ اسمرتی زبین ایرانی نے کونسل کی تشکیل نو کر دی ہے اور پدم شری جناب مظفر حسین کو کونسل کا نیا وائس چیئرمین بنایا ہے۔ جناب مظفر حسین کا تعلق ممبئی سے ہے۔ ان کی علمی، ادبی، صحافتی وسماجی خدمات کے اعتراف میں حکومت ہند نے انھیں پدم شری اعزاز سے بھی نوازا ہے۔ کونسل ضابطے کے مطابق مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل کونسل کا چیئرمین ہوتا/ ہوتی ہے۔ اس حوالے سے موجودہ وزیر محترمہ اسمرتی ایرانی کونسل کی قیادت کریں گی۔ وائس چیئرمین کی نامزدگی کے ساتھ کونسل کے دیگر اراکین کی فہرست بھی وزارت نے جاری کر دی ہے، جس میں دو لوک سبھا کے اراکین اور ایک راجیہ سبھا رکن شامل ہیں۔ نئی کونسل میں اردو زبان وادب اور اردو اداروں سے جڑی سرگرم شخصیات کو شامل کیا گیا ہے اور ملک کی مختلف ریاستوں کی نمائندگی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ دیگر اراکین کے نام کچھ اس طرح ہیں: محترمہ شمع خان، دہلی۔ جناب محمد شکیل، راجستھان۔ جناب پی اے انعامدار، پونے۔ جناب رفیق بھنڈاری، بیجاپور (کرناٹک)۔ پروفیسر خورشید انور، مظفر پور (بہار)۔ محترمہ ڈاکٹر نصرت مہدی، بھوپال۔ پروفیسر محمد اقبال، جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی۔ مولانا صہیب قاسمی، دہلی۔ پروفیسر صغیر افراہیم، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔ پروفیسر شہاب عنایت ملک، جموں یونیورسٹی۔ جناب سید محمد اشرف، چیف انکم ٹیکس کمشنر، کلکتہ، جناب احتشام آفریدی، ایڈوکیٹ (وارانسی) ۔محترمہ ایس منوری بیگم، کرشنا گری، پروفیسر اختر الواسع، کمشنر برائے لسانی اقلیات۔ جناب کلیم انصاری، اتراکھنڈ۔ پروفیسر شافع قدوائی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔ محترمہ حافظہ مظفر، ڈپٹی رجسٹرار این آئی ٹی، حضرت بل سری نگر۔ محترمہ شائستہ یوسف، بنگلور۔ جناب حاجی محمد اقبال خان، دہلی اور جناب مظہر الدین ریٹائرڈ آئی پی ایس (حیدر آباد) کے نام شامل ہیں۔

ان کے علاوہ کمشنر برائے لسانی اقلیات، وزارت برائے فروغ انسانی وسائل کے دو نمائندے، چیئرمین کمیشن برائے سائنسی وتکنیکی اصطلاحات دہلی۔ ڈائرکٹر سینٹرل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین لنگویجز میسور، ڈائرکٹر سینٹرل ہندی ڈائرکٹریٹ، ڈائرکٹر کیندریہ ہندی سنستھان، (آگرہ)، ڈائرکٹر این سی ای آر ٹی، یو جی سی نمائندہ، چیئرمین انڈین کونسل فار کلچرل ریلیشنز، چیئرمین ساہتیہ اکادمی، چیئرمین این بی ٹی اور

ڈائرکٹر جنرل دوردرشن کے علاوہ وزارت برائے قانون وانصاف کے نمائندگان بھی اس نئی کونسل کا حصہ ہوں گے۔

قومی اردو کونسل کی نئی کمیٹی اوران کے اراکین کی مدت 3 سال کی ہوگی، کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے مرکزی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی وزیر محترمہ اسمرتی زبین ایرانی نے اپنے وعدے کے مطابق تشکیل نو کردی ہے۔کونسل کی جانب سے ہم ان کے بے حد شکرگزار ہیں اور تمام ممبران کا استقبال بھی کرتے ہیں۔انھوں نے امید ظاہر کی کہ نئی کمیٹی فروغ اردو کے مشن کو مزید آگے بڑھانے میں بھرپور تعاون دے گی۔

(رابطہ عامہ سیل)